SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

June 26, 2019

**ایس ای سی پی رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ (رئیٹ) کے فروغ کے لئے اقدامات کرے گا**

اسلام آباد(26جون)سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور شعبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے رئیل اسٹیٹ انوسٹمنٹ ٹرسٹ (ائیٹ) کے کے قیام کو آسان بنانے، ریگولیٹری فیسوں میں کمی اور دیگر ریگولیٹری اصلاحات کرے گا۔اس حوالے سے چیئرمین ایس ای سی پی فرخ سبزواری اور اسلام آباد سٹاک ایکس چینج ریٹ مینجمنٹ کمپنی کے چیئرمین زاہد لطیف کی سربراہی میں ریٹ مینجمنٹ کمپنی کے وفد کے مابین ملاقات میں مختلف تجاویز پر اتفاق کیا گیا۔

اجلاس میں رئیٹ کمپنیوں کو درپیش مختلف مسائل جیسے کہ رئیٹ اسکیموں کو پراپرٹی کے انتقال، منظور شدہ کاروبار، لسٹنگ کی شرائط، رئیٹ سے حاصل ہونے والے منافع پر ٹیکس کی شرح اور کیپیٹل گین ٹیکس اور دیگر یشوز پر بات کی گئی۔فرخ سبزواری نے رئیٹ کے فروغ کے لئے دی گئی تجاویز سے اتفاق کیا اور یقین دہانی کروائی کہ رئیٹ کے شعبے کے فروغ اور ان کو کاروباری آسانیاں فراہم کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے اس سلسلے میں رئیٹ کے ریگولیشنز میں متعارف کی گئی ترامیم سے آگاہ کیا۔وفد کو بتایا گیا کہ رئیٹ کے یونٹ ہولڈروں کے تحفظ اور ریگولیٹری شرائط وضوابط کو سہل بنانے کے لئے پہلے ہی اقدامات کردئے گئے ہیں جیسے کہ لازمی لسٹنگ کے لئے رعایتی مدت، نجی سرمایہ کاروں کے لئے اہلیت کے معیار میں نرمی اور رئیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو بنکوں سے قرض لینے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔فرخ سبزواری نے مزید کہا کہ ریگولیشنز میں ترامیم کا بنیادی مقصد رئیٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو آسانی فراہم کرنا اور نئے رئیٹ کے قیام کو فروغ دینا ہے۔ان کا کہان تھا کہ رئیٹ کے ریگولیشنز میں ترامیم رئیل اسٹیٹ شعبے کو دستاویزی شکل دینے میں معاون ہوں گی۔

چیئرمین ایس ای سی پ نے تجویز پیش کی کہ اس شعبے کے تمام اسٹیک ہولڈروں سے مشاورت کے لئے راونڈ ٹیبل کانفرنس منعقد کی جائے گی اور وسیع پیمانے پر مشاورت کے بعد مزید اصلاحات کی جائیں گی۔

---

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005